BRAMPTON

**Media Release**

برائے فوری اجراء

# نئی ملازمتیں پیدا کرنے اور معیشت کو فروغ دینے کے لیے برامپٹن کی صلاحیتوں سے بھرپور استفادہ کرنے اور علاقائی خدمات کی راہ میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنے کے اقدامات

برامپٹن، آن (7 جون 2023) – سٹی صوبائی طور پر مقرر کردہ ٹرانزیشن بورڈ کی جانب اس بات پر فوری طور پر غور کرنے کی ضرورت پر زور دے رہا ہے کہ ریجن آف پیل کی مجوزہ تحلیل کی وجہ سے برامپٹن کی ترقی میں کوئی رکاوٹ حائل نہ ہو اور یہ کہ تحلیل کا عمل برامپٹن کے رہائشیوں پر کسی قسم کے اضافی مالی دباؤ کا باعث نہ بنے۔

کل، سٹی نے منظور شدہ ہاؤسنگ منصوبوں کی سات ایسی مخصوص مثالوں کی وضاحت کی ہے، جو موجودہ طور پر علاقائی سروسز کی رکاوٹوں کی وجہ سے تاخیر کا شکار ہیں۔ یہ پروجیکٹس اکیلے ہی کل 9,368 ہاؤسنگ یونٹس بنائیں گے، جو صوبہ اونٹاریو کی طرف سے مقرر کردہ سٹی کے سالانہ اہداف کا 83% بنتا ہے:

- **263 کوئین اسٹریٹ ایسٹ:** 29-46 منزلوں پر مشتمل چھ عدد ٹاورز، جن میں 2,810 یونٹس موجود ہیں۔ تاخیر کی وجہ: سینیٹری سیوریج کی گنجائش موجود نہیں ہے۔
- **241 کوئین اسٹریٹ ایسٹ:** 35 منزلوں پر مشتمل چار عدد ٹاورز، جن میں 1,586 یونٹس موجود ہیں۔ تاخیر کی وجہ: سینیٹری سیوریج کی گنجائش موجود نہیں ہے۔
- **1685 اور 1710 کوئین اسٹریٹ ایسٹ:** 5 منزلہ پوڈیم کے ساتھ منسلک دو عدد بلند و بالا ٹاورز، جن میں 704 رہائشی یونٹ موجود ہیں۔ تاخیر کی وجہ: سیوریج کی گنجائش نہ ہونے کی وجہ سے زوننگ پر ہولڈنگ کی علامت۔
- **227 ووڈین سٹریٹ:** 2,551 یونٹس پر مشتمل سینٹینیئل مال کا ماسٹر پلان ری ڈویلپمنٹ۔ تاخیر کی وجہ: سینیٹری سیوریج کی گنجائش موجود نہیں ہے۔
- **249 کوئین اسٹریٹ ایسٹ:** 38 منزلوں پر مشتمل بلڈنگ، جس میں 435 یونٹس موجود ہیں۔ تاخیر کی وجہ: سینیٹری سیوریج کی گنجائش موجود نہیں ہے۔
- **253 کوئین اسٹریٹ ایسٹ:** دو عدد بلند و بالا (33 اور 38 منزلہ) عمارتیں، جن میں 652 رہائشی یونٹ موجود ہیں۔ تاخیر کی وجہ: سینیٹری سیوریج کی گنجائش موجود نہیں ہے۔
- ***137 سٹیلز ایونیو ویسٹ***: 630 اپارٹمنٹ یونٹس کی تعمیر، جو سینیٹری اور واٹر سروسنگ کی صلاحیت دستیاب نہ ہونے کی وجہ سے تعطل کا شکار ہیں اور صرف پہلے مرحلے کو ہی آگے بڑھانا ممکن ہے۔

ان منصوبوں کی پیشرفت میں تاخیر اور برامپٹن میں ایک فروغ پزیر ہاؤسنگ مارکیٹ اور اقتصادی ترقی کو یقینی بنانے کے لیے اشد ضروری ہے کہ علاقائی خدمات کی ان رکاوٹوں پر فوری طور پر قابو پایا جائے۔

جنوری میں، ریجن آف پیل نے ریجنل کونسل کو ایک تخمینہ پیش کیا تھا جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ 2023 اور 2032 کے درمیان پیل میں رہائشی ضروریات کے صوبائی اہداف کو پورا کرنے کے لیے سروسنگ کے اخراجات کے لیے 20.4 بلین ڈالر کی سرمایہ کاری کی ضرورت ہے۔ یہ انتہائی اہم لاگت، جس میں صرف پراپرٹی کے حصول اور دیگر بالواسطہ اخراجات شامل ہیں، خطے کے 10 سالہ منصوبہ بند سرمایہ کے بجٹ سے دو گنا زیادہ ہے۔

2021 کی مردم شماری کے حالیہ اعداد و شمار کے مطابق پیل ریجن کی مجموعی آبادی میں 90% اضافہ برامپٹن میں ہوا ہے، جس سے یہ واضح ہوتا ہے کہ شہر امیگریشن کے لیے بھی ایک پسندیدہ منزل ہے اور ترقی کی اس موجودہ سطح کو سہارا دینے کے لیے ہمیں ایک مناسب انفراسٹرکچر کی ضرورت ہے۔ پچھلے تین سالوں سے سالانہ 8,000 سے زائد نئی رہائشی عمارتوں کے منصوبوں کو منظور کرنے اور دو یونٹس پر مشتمل رہائشوں کے لیے اوسطاً 5,000 اجازت نامے جاری کرنے کے باوجود، سٹی کو علاقائی خدمات کی رکاوٹوں کی وجہ سے بہت سے چیلنجز کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، جو برامپٹن کی صلاحیت کو مکمل طور پر اجاگر کرنے کی راہ میں حائل ایک بہت بڑی رکاوٹ ہیں۔

18 مئی 2023 کو صوبے نے بل 112، *دی ہیزل میک کیلین ایکٹ پیش کیا* یہ بل موجودہ طور پر 7 جون 2023 تک، اونٹاریو کی مقننہ میں تھرڈ ریڈنگ پر ہے۔ اگر یہ بل منظور ہو جاتا ہے، تو اس ایکٹ کی رو سے 1 جنوری 2025 کو پیل کی علاقائی میونسپلٹی تحلیل ہو جائے گی اور برامپٹن، کیلیڈون اور مسی ساگا پر مشتمل ایک سنگل ٹائیر میونسپیلٹی بن جائے گی۔

**اقتباسات**

"ریجن نے اس سال کے شروع میں تصدیق کی تھی کہ تمام میونسپیلٹیز میں ہاؤسنگ کے اہداف کو حاصل کرنے کے لیے 10 سالوں کے دوران $20.4B لاگت آئے گی۔ برامپٹن نے تاریخی طور پر اپنے ارد گرد کے علاقوں کے بنیادی ڈھانچے میں بہت زیادہ رقم خرچ کی ہے اور ہم اب بھی اسی طرح کی معاونت کی امید کر رہے ہیں، کیونکہ ہم اپنی سرحدوں کے اندر ایک شاندار ترقی کی راہیں کھلتی ہوئی دیکھ رہے ہیں۔ علاقائی سروسز کی رکاوٹیں ہمارے اہم ہاؤسنگ پروجیکٹس کو آگے بڑھنے نہیں دے رہیں، اونٹاریو میں رہائشوں کی فراہمی کے اہداف کو پورا کرنے کی ہماری صلاحیت کو محدود کر رہی ہیں اور ہماری معاشی ترقی کو روک رہی ہیں۔ برامپٹن کی ترقی کو ٹریک پر برقرار رکھنے کو یقینی بنانے کے لیے یہ ضروری ہے کہ ہم ان رکاوٹوں کو دور کریں۔"

- *پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن*

"ریجن کی آبادی میں 90%اضافہ برامپٹن میں ہو رہا ہے اور ہمیں اس میں مسلسل ترقی کی توقع ہے، جس کی وجہ سے ہمیں رہائشی منصوبوں کو آگے بڑھانے کے لیے سروسز کی اشد ضرورت ہے۔ ہماری ترجیح ایک متحرک اور خوشحال کمیونٹی بنانا ہے، جہاں لوگ سکون سے اپنی زندگی گزار سکیں، کام کر سکیں اور ترقی کر سکیں۔ ریجن آف پیل کی جانب سے سروسز کی راہ میں حائل رکاوٹوں کی وجہ سے ہمارے بہت سے منصوبے تاخیر کا شکار ہو رہے ہیں اور اپنے صوبائی ہاؤسنگ اہداف کو حاصل کرنے اور صنعتی ترقی کے ذریعے برامپٹن میں رہائشیوں کو اچھی تنخواہوں والی ملازمتیں فراہم کرنے کے لیے، ہمیں اس اہم مسئلے کو فوری طور پر حل کرنا چاہیے۔"

- *مائیکل پلیسچی، ریجنل کونسلر، وارڈز 2 اور 6؛ چیئر، پلاننگ اینڈ ڈیویلپمنٹ، سٹی آف برامپٹن*

-30-

**کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 700,000 سے زائد لوگوں اور 90,000 سے زائد کاروباروں کا گھر ہے۔**
ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم اس لیے شراکت داری کرتے ہیں تاکہ ہم ایک ایسا صحت مندانہ شہر بنا سکیں جو محفوظ، قابل دوام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹویٹر، فیس بک, اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ مزید یہاں جانیں: www.brampton.ca

**میڈیا کنٹیکٹ**
سٹی آف برامپٹن ملٹی کلچرل میڈیا
multiculturalmedia@brampton.ca